مسجد اقصی کی قیامت تک حفاظت کرنے والی جماعت

مجیب: عبدالمذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

فتوی نمبر: WAT-1475

تاریخ اجراء: 16 شعبان المعظم 1444ھ/09 مارچ 2023ء

دار الافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

کیا حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ایسا فرمان موجود ہے کہ : "میری امت میں سے ایک جماعت قیامت تک مسجد اقصیٰ کی حفاظت کرے گی اور وہ حق پہ ہو گی۔" اس طرح کی حدیث مبارک ہو، تو اس کے الفاظ و حوالہ بتا دیجئے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی اس مفہوم کی روایت کتبِ حدیث میں موجود ہے، حدیث مبارک مع متن و ترجمہ درج ذیل ہے:

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا تزال عصابة من امتی یقاتلون علی ابواب دمشق وما حولها وعلی ابواب بیت المقدس لا یضرهم خذلان من خذلهم ظاهرین علی الحق الی ان تقوم الساعة" ترجمہ: میری امت میں سے ایک گروہ دمشق کے دروازوں اور اس کے اطراف اور بیت المقدس اور اس کے اطراف میں ہمیشہ (دشمنوں) سے جنگ کرتا رہے گا، جو شخص ان کو رسوا کرنا چاہے گا یا ان کی مخالفت کرے گا، وہ ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ وہ حق پر قائم رہیں گے حتی کہ قیامت آجائے گی۔ (کنز العمال، ج 12، ص 283، مؤسسۃ الرسالہ، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم